www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



دار الافتاء
شیخ الحدیث حافظ ثناءاللہ مدنی
جامعہ لاہور الاسلامیہ (رحمانیہ)

- سسرالی محرم عورت سے زِنا پر کیا بیوی سے نکاح ٹوٹ جائے گا؟
- حلالہ کی شرعی حیثیت
- غیر شرعی عدالتوں کے فیصلوں کی حیثیت
- شادی شدہ عورت کا خاوند کے گھر کے باہر قیام

☆سوال: ایک آدمی نے اپنی حقیقی بہو کے ساتھ زبردستی زنا کیا اور اس کے بعد اقرارِ جرم بھی کرلیا؟ سوال یہ ہے کہ کیا وہ عورت اپنے خاوند کی ابھی تک بیوی ہے یا کہ نہیں، اگر نہیں تو کیوں؟ (محمد اختر، ریاض)

جواب: مسئلہ ہذا میں اہل علم کا سخت اختلاف ہے لیکن راجح بات یہ ہے کہ زنا کے ذریعے حرمت ثابت نہیں ہوتی ہے۔ سنن ابن ماجہ میں ابن عمرؓ کی حدیث میں ہے لا يحرّم الحرامُ الحلالَ یعنی حرام کے ارتکاب سے حلال شے حرام نہیں ہوتی۔ اس کی سند کے بارے میں حافظ ابن حجر فرماتے ہیں وإسناده أصح من الأول (فتح الباری ۹/۱۵۶) کہ پہلی سند سے اس کی سند زیادہ صحیح ہے۔

اور صحیح بخاری کے باب کے عنوان میں ابن عباسؓ سے مروی ہے: إذا زنى بأخت امرأته لم تحرم عليه امرأته یعنی جب کوئی سالی سے زنا کرلے تو زانی پر اس کی بیوی حرام نہیں ہوگی۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں: "فمذهب الجمهور لاتحرم إلا بالجماع مع العقد" (۹/۱۵۷)

"جمہور کا مسلک یہ ہے کہ عورتیں اسی وقت حرام ہوتی ہیں جب جماع، عقد کے بعد ہو"

نیز یہ بھی فرمایا: وأبى ذلك الجمهور وحجتهم أن النكاح في الشرع إنما يطلق على المعقود عليها لا على مجرد الوطئ وأيضا فالزنا لاصداق فيه ولاعدة ولا ميراث"

"جمہور نے اس بات کا انکار کیا ہے کہ زنا کے ذریعہ حرمت ثابت ہو۔ دلیل ان کی یہ ہے کہ شرع میں نکاح کا اطلاق اس عورت پر ہوتا ہے جس سے عقد کیا گیا ہو۔ خالی وطی کا نام نکاح نہیں۔ اسی طرح زنا میں صداق، عدت اور نہ میراث ہے" (ص ۱۵۷، حوالہ مذکور)

ان دلائل سے معلوم ہوا کہ زنا کے ذریعہ حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

☆سوال: حلالہ کی شرعی حیثیت پر روشنی ڈالیں، بعض لوگ سورۂ بقرہ کی آیت سے حلالہ کا جواز ثابت کرتے ہیں۔ قرآن وسنت کی روشنی میں حلالہ کے بارے میں بتائیے؟ (محمد اصغر، لاہور)

جواب: حلالہ کے حرام ہونے پر پوری اُمت کا اجماع ہے۔ یہ کوئی اختلافی مسئلہ نہیں ہے۔ جس طرح بیک وقت تین طلاقیں دینا حرام ہے، اس کی حرمت میں بھی کسی کا اختلاف نہیں ہے، تاہم اس کے وقوع اور عدمِ وقوع کے بارے میں بعض اختلافات موجود ہیں، جس کی تفصیل سے اہل علم واقف ہیں

حلالہ کے حرام ہونے کے باوجود اس کا جواز قرآن کریم سے پیش کرنا، نہایت تعجب خیز اَمر

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ